© rasailojaraid.com

تبصرے

ندائے ملت کا انتخابات نمبر: مرتبہ ڈاکٹر محمد آصف صدیقی - تقطیع کلاں ضخامت ۷۰ صفحات - کتابت وطباعت اعلیٰ - قیمت ایک روپیہ بیس پیسے - پتہ :- ۹۹- گوئن روڈ - لکھنؤ۔

ہفتہ وار ندائے ملت کو جاری ہوئے ابھی کچھ زیادہ مدت نہیں ہوئی - لیکن اس کے باوجود اپنے سنجیدہ - مدلل اور فکر انگیز مقالات افتتاحیہ - معلومات افزا سیاسی تبصروں اور دوسرے لائق مطالعہ مضامین و مقالات اور پھر سب سے بڑھ کر جرأت حق گوئی و بیباک نویسی کے باعث اس نے ہندوستان کی مسلم صحافت میں ایک نہایت ممتاز اور بلند مقام حاصل کر لیا ہے - یوں تو کسی بھی جریدہ کے تمام افکار و آراء سے سب قارئین کا متفق ہونا ممکن نہیں ہے - لیکن ندائے ملت نے مسلمانوں میں جو خود شناسی اور آزادی فکر و عمل کا جذبہ پیدا کیا ہے اُس کا انکار کرنا ایسا ہی ہے جیسے کسی شخص کا یہ کہنا کہ کانگرس نے ہندوستان کو آزاد نہیں کرایا بلکہ جن سنگھ اور مہا سبھا نے اسے آزادی دلائی ہے - یہ نمبر انتخابات سے متعلق مضامین و مقالات کے لئے مخصوص ہے - شروع میں مختلف سیاسی جماعتوں کے سربراہوں کے پیغامات اور الکشن سے متعلق ان کے تاثرات ہیں اور اس کے بعد متعدد مضامین ہیں جن میں الکشن کے نتائج کے اسباب و وجوہ - ملک کے مستقبل پر اُس کے امکانی اثرات و ثمرات - ملک کے سیاسی ڈھانچہ میں مسلمانوں کی حیثیت - آیندہ کے لئے اُن کے فرائض و واجبات - اور اس سلسلہ کے بعض اور مسائل و معاملات پر مختلف ارباب فکر و قلم نے اپنے اپنے نقطۂ نظر سے بحث و گفتگو کی ہے - لیکن ہیں سب مضامین سنجیدہ اور مدلل۔ اور اُن کے مطالعہ سے انتخابات کے ماقبل و مابعد سے متعلق مفید اور فکر انگیز معلومات حاصل

© rasailojaraid.com